سوال

(241)اذان کے وقت کتوں کا بھونکنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

جس گاؤں میں اذان نہ ہوتی ہو وہاں اگر کوئی اذان کہے تو کتے اذان کی آواز پر عموماً بھونکنا شروع کر دیتے ہیں لیکن جہاں باقاعدہ اذان ہوتی ہے وہاں بھی کئی کتے بھونکتے ہیں ہماری مسجد کے امام جب اذان کہتے ہیں تو مسجد کے پڑوس کا کتا بھونکنا شروع کر دیتا ہے یا آواز نکالتا ہے، جب کہ کوئی اور شخص اذان کہے تو چپ رہتا ہے اس کی کیا وجہ ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس بارے میں کوئی شرعی نص نظر سے نہیں گزری۔ واضح ہو کہ کتے میں چونکہ شیطانی اوصاف پائے جاتے ہیں۔ شیطان سے اس کا تعلق بھی ہے۔ ممکن ہے نیکی سے معارضہ کی خاطر متنوع صورتوں میں وہ اپنے خُبثِ باطن کا اظہار کرتا ہو، جس طرح کہ اذان سن کر شیطان پیٹھ پھیر کر بھاگ جاتا ہے۔

شرح مسلم میں امام نووی رحمہ اللہ فرماتے ہیں: مؤذن چونکہ توحید کا اقرار کرتا ہے، اور شعارِ اسلام کے لیے دعوت دیتا ہے اس لیے وہ مؤذن کو اپنا دشمن تصور کرتا ہے۔ کتاب ''منبہات ابن حجر رحمہ اللہ'' میں ایک روایت میں ہے۔ شیطان نے اپنے بیس دشمنوں میں سے ایک دشمن مؤذن کو گردانا ہے، جو پانچ وقتی اذان دیتا ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

کتاب الصلوٰۃ: صفحہ: 217

محدث فتویٰ